Prime Minister's meeting with President of USA and President of Indonesia on the sidelines of G-20 Summit in Bali

November 15, 2022

بالی میں جی-20 سربراہی اجلاس کے موقع پر وزیراعظم کی امریکی صدر اور انڈونیشیا کے صدر سے ملاقات

نومبر 15 2022

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج بالی میں جی-20 لیڈران کے سربراہی اجلاس کے موقع پر امریکہ کے صدر عزت مآب جناب جوزف آر. بائیڈن اور انڈونیشیا کے صدر عزت مآب جناب جوکو وڈوڈو سے ملاقات کی۔

وزیراعظم جناب مودی نے اس بات پر زور دیا کہ جی-20 بین الاقوامی اقتصادی تعاون کا ایک اہم فورم ہے، اور جی-20 کی اہمیت پر زور دیا کہ وہ عالمی چیلنجوں پر قابو پانے کے لیے بڑی معیشتوں کو اکٹھا کرنے کی اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ جی-20 ہماری معیشتوں اور اس سے آگے پائیدار اور جامع ترقی کی بحالی، موجودہ آب و ہوا، توانائی اور خوراک کے بحرانوں سے نمٹنے، عالمی صحت کے ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور تکنیکی تبدیلی کو فروغ دینے کے لیے مل کر کام کر رہا ہے۔

وزیراعظم جناب مودی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ہندوستان اپنی صدارت کے دوران دیگر ترقی پذیر ممالک کو آواز عطا کرے گا، اور انہوں نے جامع ترقی کی حمایت، اقتصادی سلامتی اور عالمی سپلائی چین کو مضبوط کرنے؛ کثیر الجہتی مالیاتی اداروں کے لیے بہتر اور جدید فائنانسنگ ماڈل تیار کرنے؛ آب و ہوا میں تبدیلی، وبائی امراض، معاشی کمزوری، غربت میں کمی اور ایس ڈی جیز کے حصول جیسے چیلنجوں کا حل فراہم کرنے؛ اور انفراسٹرکچر کے فرق کو ختم کرنے کے لیے عوامی اور نجی فائنانسنگ کا فائدہ اٹھانے اور کمزور ممالک کی مدد میں جی-20 کے کردارپر زور دیا۔

وزیراعظم جناب مودی نے صدر وڈوڈو اور صدر بائیڈن کا ہندوستان کی صدارت میں جی-20 کے کام کی حمایت کرنے کے عزم کے لیے شکریہ ادا کیا۔

بالی

نومبر 15 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.